DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

DGPR BALOCHISTAN

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 814

DATED 18-09-2026.

SUBJECT:- **PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* (Director General)

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

# DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 18.09.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ملک بھر میں 10 لاکھ اے آئی ماہرین تیار کرنا ہوں گے، گورنر بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | آواران میں آپریشن ردالفتنہ تین دہشت گرد جہنم واصل، فورسز کی صلاحیتیں قابل تحسین ہیں وزیراعلیٰ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | امن کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام بنائیں گے، ظہور بلیدی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | مختلف مذہب ملک کی ترقی اور خوشحالی میں کردار ادا کر رہے ہیں، اورنگزیب پکھی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | نواں کلی کو شہری سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، ایڈمنسٹریٹر۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 06 | عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تشہیر اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے، چیف سیکرٹری۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | ضلعی انتظامیہ کی تجاوزات کے خلاف کاروائیاں 10 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | معذور سرکاری ملازمین کے لیے خصوصی کونیس الاؤنس سروس میں نمایاں اضافہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ ملازمین کے لیے 502 ملین روپے کا بلاسود قرضہ فراہم۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | غیر معیاری دودھ کی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، فوڈ اتھارٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئلہ کانوں میں جنوری سے اب تک 75 کانکن جان کی بازی ہار گئے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | افغان حکومت نے ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف موثر کاروائی نہیں کی پاکستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | شہر میں صفائی کی صورتحال میں مزید بہتری لائی جائے کمشنر کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | پولیس عوام کے ساتھ مل کر جرائم پیشہ ناصر کا خاتمہ یقینی بنائے گی، ڈی ائی جی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام طبقات بالخصوص بزنس کمیونٹی کردار ادا کرے، یونیسیف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | وزیراعلیٰ کی منظوری چیف سیکرٹری کی حکومت پر افسران کے تبادلے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | خضدار 190 بند سکول فعال 9540 بچوں کا دوبارہ سکول میں داخلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کو رجسٹریشن اور ٹیکس ادائیگی کے نوٹس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی سنجیدگی اور باوقار انداز میں منعقد ہوں گی، پشتونخواہ نیپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | کے پی کے اور بلوچستان جل رہا ہے سندھ میں ڈاکو راج ہے، فضل الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | مولانا ہدایت الرحمٰن نے جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبوں کا افتتاح کر دیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

آواران میں فورسز کا کامیاب آپریشن تین دہشت گرد ہلاک، اوستہ محمد کی پولیس نفری جعفرآباد منتقل شہری تحفظ سے محروم، تین سال سے معاوضوں کی عدم ادائیگی مقامی فنکار شدید مشکلات سے دوچار ہیں، سمال انڈسٹریز کے ملازمین کے مسائل حل نہ ہونے پر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا اظہار تشویش۔

CamScanner

# DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

**عوامی مسائل:**

کمسن بچی کا بوڑھے سے نکاح وزیراعلیٰ کی روٹس پرلڑکی کا والد چمن سے گرفتار، خضدار فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید، مستونگ مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، ایک زخمی نصیراباد پولیس نے مقابلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، حب فائرنگ کا تبادلہ ایک ڈاکو ہلاک دو گرفتار، کوئٹہ پولیس کی کاروائیاں جاری جرائم میں 10 ملوث ملزمان گرفتار، ڈی ایم جمالی پولیس تھانہ میرحسن سے قیدی سرکاری اسلحہ سمیت فرار۔

**مورخہ 18.09.2026**

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**کوئٹہ شہر کی صفائی اورنکاسی آب کا نظام بہتر بنانا مشترکہ ذمہ داری !**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے صاف ستھرا کوئٹہ کے وژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ اور میونسپل مجسٹریٹ ڈاکٹر عمران زیب کاسی نے جان محمد روڈ، فقیر محمد روڈ اور اختر محمد روڈ کا دورہ کیا اور وہاں واقع ڈیری فارمز میں صفائی اورنکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا معائنے کے دوران بعض مقامات پر مویشوں کا فضلہ باقیات اور دیگر کچرا نالیوں میں پھینکے جانے کا مشاہدہ ہوا جس سے نالیوں میں رکاوٹ اور گندے پانی کے سڑکوں پر آنے کا مسئلہ پیدا ہوسکتا ہے کارروائی کے دوران 12 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ ڈیری فارمز کے مالکان کو نالیوں میں کسی بھی قسم کا فضلہ یا کچرا نہ پھینکنے کی ہدایت بھی کی گئی اور متعلقہ مالکان کی جانب سے تحریری حلف نامہ جمع کروائے گئے کہ آئندہ اس عمل سے گریز کریں گے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ وضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر مکمل عمل درآمد کرینگے انتظامیہ واضح کرتی ہے کہ کوئٹہ شہر کی صفائی اورنکاسی آب کا نظام بہتر رکھنا مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس حوالے سے قوانین اور انتظامی ہدایات کی خلاف ورزی پر کارروائی جاری رہے گی کوئٹہ شہر کی صفائی اورنکاسی آب کا نظام بہتر بنانا مشترکہ ذمہ داری کے حوالے سے میٹروپولیٹن کارپوریشن اور انتظامیہ کا مذکورہ عزم کا اظہار بلاشبہ اچھا اقدام ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مذکورہ مسائل ایک عرصے سے درپیش ہیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس ضمن میں آج تک کوئی احسن اقدامات نہیں اٹھائے گئے یہ صرف اخباری بیانات کی حد تک محدود رہے ہین اس مسئلے کے مستقل حل کے لئے اقدامات کا فقدان رہا ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "inhumane business" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

**برائے ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے 16ویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## وویمن یونیورسٹی کو ٹاپ پر لانے کیلئے بہت کچھ کرنا باقی ہے، گورنر مندوخیل

**ہمیں ملک بھر کی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے شعبے میں دس لاکھ ماہرین تیار کرنے ہونگے، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں ملک بھر کی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے شعبے میں دس لاکھ ماہرین تیار کرنے ہوں گے۔ اس عظیم خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے تمام پبلک سیکٹر کی جامعات کے وائس چانسلرز کو کلیدی اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور ان کی پوری ٹیم کی کوششیں لائق تحسین ہیں تاہم وویمن یونیورسٹی کو پاکستان کی ٹاپ یونیورسٹیز میں لانے کیلئے بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے تحت سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے کیمپسز خضدار، پشین اور نوشکی کے ان تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولرائز کیا جائیگا جنہیں بھرتی کے تمام قانونی تقاضے اور مقررہ ضوابط مکمل کرنے کے بعد کنٹریکٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا تھا اور جو تاحال اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

# ملک بھر میں 10 لاکھ اے آئی ماہرین تیار کرنا ہونگے، گورنر بلوچستان

**اس عظیم خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے تمام پبلک سیکٹر کی جامعات کے وائس چانسلرز کو کلیدی اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا**

**صوبے بھر کی جامعات معیاری تعلیم اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ماڈرن اسکلز ڈیویلپمنٹ پر خصوصی توجہ دیں، جعفر مندوخیل**



گورنر جعفر مندوخیل سینیٹر مشاہد حسین سید کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں، پارلیمنٹیرینز بھی موجود ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں ملک بھر کی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے شعبے میں دس لاکھ ماہرین تیار کرنے ہوں گے۔ اس عظیم خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے تمام پبلک سیکٹر کی جامعات کے وائس چانسلرز کو کلیدی اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق ......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

اور ان کی پوری ٹیم کی کوششیں لائق تحسین ہیں تاہم وویمن یونیورسٹی کو پاکستان کی ٹاپ یونیورسٹیز میں لانے کیلئے بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے تحت سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے کیمپسز خضدار، پشین اور نوشکی کے ان تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولرائز کیا جائیگا جنہیں بھرتی کے تمام قانونی تقاضے اور مقررہ ضوابط مکمل کرنے کے بعد کنٹریکٹ کی بنیاد پر تعینات کیا گیا تھا اور جو تاحال اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ ریگولرائزیشن کے عمل سے قبل ملازمین کے دستاویزات اور دیگر مطلوبہ کوائف کی مکمل تصدیق کیلئے ایک خصوصی کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے سولہویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عامر رانا، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان غلزئی، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی سینئر عہدیدار ڈاکٹر نور آمنہ ملک، قومی کمیشن برائے وقار نسواں کی چیئرپرسن نورین بانو لہڑی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی سمیت سینیٹ ممبران موجود ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

...t No. ____ Page No. ____

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 55 | جمعۃ المبارک 5 ربیع الثانی 1448ھ 18 ستمبر 2026ء | نمبر 255

# آواران میں آپریشن ردالفتنہ، 3 دہشتگرد جہنم واصل

**فورسز کی صلاحیتیں قابل تحسین ہیں، وزیراعلیٰ**

## خفیہ اطلاع ملنے پر کارروائی بدرگ کے علاقے میں کی گئی، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود قبضے میں لے لیا گیا

## دہشتگردوں اور انکے سہولت کاروں کے خاتمے کیلئے حکومت اور ادارے پرعزم ہیں، امن کیخلاف ہر سازش ناکام بنائی جائیگی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائی فتنہ الہندوستان کے تین دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے بھاری تعداد میں اسلحہ و گولہ بارود قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں جاری سیکورٹی فورسز کا آواران کے علاقے بدرگ میں خفیہ اطلاع پر کارروائی فتنہ الہندوستان کے تین دہشت گرد جہنم واصل کر کے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا آواران میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائی، تین دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل تحسین ہیں، بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں، حکومت اور عوام دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

امت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No.

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | جمعہ 05 ربیع الثانی 1448ھ 18 ستمبر 2026ء صفحات 08 | شمارہ 67

رجسٹرڈ BC-m-11 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

# آواران و نوکنڈی میں فورسز کا آپریشن 3 دہشتگرد ہلاک ٹھکانے تباہ امن کیخلاف ہر سازش ناکام ہوگی، وزیر اعلیٰ

بھاری تعداد میں اسلحہ وگولہ بارود برآمد، آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ معلومات پر عمل میں لایا گیا، نوکنڈی میں آپریشن کے دوران دہشتگردوں کے ٹھکانے مکمل تباہ کردیئے گئے

کارروائی میں برآمد ہونیوالے اسلحہ وگولہ بارود میں 14.5 ایم ایم گن کے 900 راؤنڈز، 15 کلوگرام وزنی 3 آئی ای ڈیز، 4 آر پی جی راؤنڈز اور ایل ایم جی کے 403 راؤنڈز شامل

بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، دہشتگردوں کے عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن + این این آئی) سیکورٹی فورسز نے آواران میں انٹیلی جنس بیسڈ مختلف کارروائیوں میں 3 دہشتگردوں کو ہلاک کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن، گولہ بارود برآمد کرلیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ ضلع آواران کے علاقے بدرنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں 3 دہشتگردوں کو ہلاک کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود برآمد بھی کرکے قبضے میں لے لیا۔ ذرائع کے مطابق یہ کارروائیاں دہشت گردوں کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ درایں اثناء فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ III کے تحت نوکنڈی میں بھی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاعات پر کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا۔ اس دوران جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی نشاندہی کے بعد انہیں نشانہ بنایا گیا، اور ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا، جس میں 14.5mm گن کے 900 راؤنڈز، 15 کلوگرام وزنی 3 آئی ای ڈیز، RPG4 راؤنڈز اور LMG کے 403 راؤنڈز شامل ہیں۔ برآمد شدہ گولہ بارود نہتے بلوچ شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ اور آئی ای ڈیز میں استعمال ہونا تھا۔ واضح رہے کہ سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ III کے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

تحت دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کارروائیاں بدستور جاری ہیں۔ درایں اثناء وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیر اعلی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیر اعلی نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

## مریضوں کو تحفظ کی فراہمی حکومتی ذمہ داری ہے، وزیر اعلیٰ

حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات جاری رکھے ہوئے ہے، پیغام

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلی میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے مؤثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے۔

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 274 جمعۃ المبارک 5 ربیع الثانی 18 ستمبر 2026ء صفحات 6 قیمت 40 روپے


# صوبے میں امن کے خلاف ہر سازش ناکام بنائیں گے، وزیراعلیٰ

بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش

## آواران میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

### دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے پرعزم، قوم شانہ بشانہ کھڑی ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

## وزیراعلیٰ کا صحافی نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کا نوٹس، مقدمہ درج کرلیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان نے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر تشدد اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کا نوٹس لے لیا، گوالمنڈی پولیس میں مقدمہ درج کرلیا گیا، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ کو تشدد اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کو صحافی پر تشدد (باقی صفحہ 5 نمبر 34)

کرنے والے کے خلاف فوری کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کرنے کی ہدایت کی وزیراعلیٰ کے احکامات پر وزیراعلیٰ کے اسٹاف آفیسر سید امین نے پولیس حکام اور صحافی نصیر کاکڑ سے رابطہ کیا اور گوالمنڈی پولیس اسٹیشن میں واقعے کا مقدمہ درج کردیا گیا۔

## ہر مریض کو معیاری سہولیات دینا ہمارا عزم ہے، سرفراز بگٹی

### بروقت جدید علاج یقینی بنانے کیلئے صحت کے شعبے میں اصلاحات کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے موثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے، اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دل، ذیابیطس، کینسر اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے۔ بروقت تشخیص، موثر علاج اور مریضوں کی مسلسل نگہداشت سے صحت کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان مریضوں کے تحفظ اور طبی خدمات کے معیار کو مزید موثر بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ صحت کے شعبے میں اصلاحات کا مقصد عوام کو بہتر، محفوظ اور باوقار طبی سہولیات کی فراہمی ہے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

علیٰ تعلقات عامہ
ت بلوچستان

Bullet No. 1

Pa

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

رجسٹرڈ نمبر ایل ای I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

جلد نمبر 32 | جمعۃ المبارک 18 ستمبر 2026ء بمطابق 05 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 255

# آواران 3 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ گولہ بارود برآمد، سیکورٹی ذرائع

**امن کیخلاف ہر سازش ناکام بنائینگے، وزیراعلیٰ**

**کارروائی بدرنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ کی بنیاد پر کی گئی، بلوچستان میں مسلسل و موثر کارروائیوں میں دہشتگردوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے، سیکورٹی ذرائع**

**دہشتگردوں کی ہلاکت سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کو ثبوت، جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ریاستی ادارے پرعزم ہیں، سرفراز بگٹی**

راولپنڈی/آواران (این این آئی) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں تین دہشتگرد مارے گئے۔ ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کی جانب سے ضلع آواران کے علاقے بدرنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس میں 3 دہشت گرد جہنم واصل کر دیے گئے۔ ذرائع کے مطابق آپریشن میں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر

سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی مسلسل اور موثر کارروائیوں میں دہشت گردوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ سیکورٹی فورسز بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل تحسین ہیں۔ بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ آواران میں کارروائی کے دوران تین دہشتگردوں کو ہلاک کرنا سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کا ثبوت ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لئے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لئے ریاستی ادارے پرعزم ہیں، جبکہ قوم بھی دہشتگردی کے خاتمے کے لئے سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

# بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے، سرفراز بگٹی

**مریضوں کیلئے بروقت تشخیص، مؤثر علاج اور مسلسل نگہداشت یقینی بنائی جائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے مؤثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے، اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دل، ذیابیطس، کینسر اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے۔ بروقت تشخیص، مؤثر علاج اور مریضوں کی مسلسل نگہداشت سے صحت کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان مریضوں کے تحفظ اور طبی خدمات کے معیار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ صحت کے شعبے میں اصلاحات کا مقصد عوام کو بہتر، محفوظ اور با اعتماد طبی سہولیات کی فراہمی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

ت اعلیٰ تعلقات عامہ
کومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page N

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعہ 18 ستمبر 2026ء بمطابق 05 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 255

# بلوچستان میں امن و استحکام کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائیگا، وزیر اعلیٰ

آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے

بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 — Page No.

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-27 | جمعہ 18 ستمبر 2026ء بمطابق 05 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-253


# دہشتگردوں اور انکے سہولتکاروں کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے پرعزم ہیں

میر سرفراز بگٹی

## دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے

## دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر)

دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن واستحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

# مریضوں کو محفوظ، معیاری نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ

## صحت کے شعبے میں اصلاحات کا مقصد عوام کو بہتر، محفوظ اور بااعتماد طبی سہولیات فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا (بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 2 پر)

اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے موثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے، اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دل، ذیابیطس، کینسر اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے۔ بروقت تشخیص، موثر علاج اور مریضوں کی مسلسل نگہداشت سے صحت کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان مریضوں کے تحفظ اور طبی خدمات کے معیار کو مزید موثر بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ صحت کے شعبے میں اصلاحات کا مقصد عوام کو بہتر، محفوظ اور بااعتماد طبی سہولیات کی فراہمی ہے۔

# وزیراعلیٰ کے نوٹس پر پولیس کی فوری کارروائی، مزید قانونی کارروائی جاری ہے

کوئٹہ (آئی این پی) صحافی پر تشدد کے واقعے کا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لیتے ہوئے پولیس حکام کو فوری قانونی کارروائی کی ہدایت کردی، جس کے بعد کوئٹہ پولیس نے ملزم ملک باری کاکڑ کے خلاف تھانہ گوالمنڈی میں مقدمہ درج کرلیا (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 7 پر)

ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی کی۔ وزیراعلیٰ کے اسٹاف آفیسر سید امین نے بھی پولیس حکام اور متاثرہ صحافی نصیر کاکڑ سے رابطہ کیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے حوالے سے مزید قانونی کارروائی جاری ہے اور تمام قانونی تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں۔ متعلقہ حکام نے واقعے کی مزید تحقیقات اور قانون کے مطابق کارروائی کا عمل جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

جلد 81 | جمعہ 18 ستمبر 2026ء، 5 ربیع الثانی 1448ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 256

# وزیراعلیٰ بلوچستان: صوبے میں امن و استحکام کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا

## بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

## سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں

کوئٹہ (یو این اے، خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تین دہشتگردوں کو ہلاک کرنا سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کا ثبوت ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں، جبکہ قوم بھی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ دریں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے مؤثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے، اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دل، ذیابیطس، کینسر اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے۔

CamScanner

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 29 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 204

جمعہ 18 ستمبر 2026ء | 5 ربیع الثانی 1448ھ | رجسٹرڈ بی سی بی-10

# وزیراعلیٰ کا صحافی نصیر کاکڑ پر تشدد کے واقعے کا نوٹس

## ملزمان کیخلاف مقدمہ درج، بی یو جے کا فوری کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صحافی نصیر کاکڑ پر مبینہ تشدد کے واقعے کا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لیتے ہوئے پولیس حکام کو فوری کارروائی کی ہدایت کردی، جس پر کوئٹہ پولیس نے ملزم ملک باری کاکڑ کے خلاف تھانہ گوالنڈی میں مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاالحق مندوخیل نے صحافی پر تشدد کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی کی۔ وزیراعلیٰ کے اسٹاف آفیسر سید امین نے بھی پولیس حکام اور متاثرہ صحافی نصیر کاکڑ سے رابطہ کیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ ملزم ملک باری کاکڑ کے خلاف تھانہ گوالنڈی میں درج کرلیا گیا ہے جبکہ واقعے کی مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ معاملے میں تمام قانونی تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں۔ کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف (یو این اے) نیوز ایجنسی نصیر احمد پر مسلح افراد کی کے تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت بی یو جے اور پریس کلب نے پولس سے ملزمان کے خلاف فوری کارنکا مطالبہ کیا ہے ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا باری کاکڑ نامی شخص جو اپنے آپ کو سماجی رہنما بتاتا ہے گزشتہ روز صحافی نصیر احمد ایک گھریلو جھگڑے کا تصفیہ کرانے کے لئے اپنے دیگر چار دوستوں کے ہمراہ باری کاکڑ کے ان کے بلوانے پر گئے تھے جس پر مذکورہ شخص نے تصفیہ کرانے والوں پر حملہ آور ہو کر نا صرف تشدد کا نشانہ بنایا بلکہ صحافی اور دیگر تصفیہ کرانے والوں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب نے پولیس سے مطالبہ کیا کہ ملزم کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے۔

# بلوچستان میں امن و استحکام کیخلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائیگا، سرفراز بگٹی

## دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن واستحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

# حکومت مریضوں کے تحفظ اور طبی خدمات کے معیار کو مزید مؤثر بنانے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ورلڈ پیشنٹ سیفٹی ڈے کے موقع پر ہر مریض کو محفوظ، معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مریضوں کو محفوظ اور معیاری طبی نگہداشت فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری، طبی عملے کی استعداد کار میں اضافے اور جدید نظام کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ مریضوں کا تحفظ صحت کے مؤثر نظام کی بنیادی ترجیح ہے، اس ضمن میں طبی مراکز میں علاج معالجے کے معیار، سہولیات اور خدمات کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دل، ذیابیطس، کینسر اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے لیے محفوظ، معیاری اور مسلسل طبی نگہداشت ناگزیر ہے۔ بروقت تشخیص، مؤثر علاج اور مریضوں کی مسلسل نگہداشت سے صحت کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان مریضوں کے تحفظ اور طبی خدمات کے معیار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ صحت کے شعبے میں اصلاحات کا مقصد عوام کو بہتر، محفوظ اور بااعتماد طبی سہولیات کی فراہمی ہے۔

CamScanner

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے — چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 22 — جمعہ 18 ستمبر 2026ء، 05 ربیع الثانی 1447ھ — شمارہ 162


# سیکورٹی فورسز نے ہمیشہ دہشتگردوں کو سبق سکھایا

سرفراز بگٹی

سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں تین دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشتگرد بقیہ 6 صفحہ 6 پر


بقیہ 6 صفحہ 6 پر


دوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بروقت کارروائی کی عکاس ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں اور بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں۔ قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے اپنی سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

## کوئٹہ، کچلاک میں کم سن بچی کا ضعیف العمر شخص سے نکاح وزیراعلیٰ بلوچستان کا نوٹس

**اس واقعے کی کڑیاں کچلاک میں 15 سالہ بچی کے قتل سے بھی ملتی ہیں**

ملزم کو کوئٹہ پولیس کے حوالے کیا جا رہا ہے، ڈی سی چمن

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں کم سن بچی کے ضعیف بقیہ 20 صفحہ 6 پر


بقیہ 20 صفحہ 6 پر


العمر شخص سے نکاح کے معاملے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لے لیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی کے مطابق کم سن بچی بہو کے والد عبدالباری کو چمن سے گرفتار کرلیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن کے مطابق گرفتار ملزم کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج اور اسے کوئٹہ پولیس کے حوالے کرنے کے لیے کوئٹہ پولیس سے رابطہ کیا جارہا ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1580 QUETTA Friday September 18, 2026 / Rabi' us-Sani 05, 1448

*World Patient Safety Day*

# Bugti reaffirms commitment to safe and quality healthcare

## Pays tribute to security forces for successful operation in Awaran

**Staff Report**

**QUETTA:** On the occasion of World Patient Safety Day, Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has reiterated his commitment to provide safe, quality and timely medical facilities to every patient and said that it is the responsibility of the government to provide safe and quality medical care to patients.

Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said in his message that the government of Balochistan is continuing to take practical steps for reforms in the health sector and improvement of medical facilities. Special attention is being paid to improving facilities in hospitals, increasing the capacity of medical staff and promoting modern systems. He said that patient safety is the main priority of an effective health system, in this regard, steps are being taken to further improve the quality of treatment, facilities and services in medical centers.

The Chief Minister said that safe, quality and continuous medical care is indispensable for patients suffering from heart, diabetes, cancer and other non-communicable diseases. Timely diagnosis, effective treatment and continuous patient care can lead to better health outcomes. Mir Sarfaraz Bugti said that the Balochistan government will continue its efforts to ensure patient safety and improve the quality of medical services. The aim of health sector reforms is to provide better, safer and more reliable medical facilities to the public.

Moreover, Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti has paid tribute to the security forces for the killing of three terrorists in a successful operation against the terrorists of Fitna-ul-Hindustan under Operation Rad-ul-Fitna 3 in Awaran. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said that the successful operation against the terrorists is a reflection of the professional capabilities and timely action of the security forces. The sacrifices of the brave soldiers of the security forces for the establishment of peace in Balochistan are unforgettable. He said that we salute the security forces for thwarting the nefarious intentions of the terrorists. The state institutions are determined to completely eliminate the terrorists and their facilitators and every conspiracy against peace and stability in Balochistan will be foiled. The Chief Minister said that the timely and effective operations of the security forces are a reflection of the national resolve against terrorism. The nation stands by its security forces to eradicate terrorism.

Furthermore, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, taking notice of the marriage of a minor girl to a weak man in Kuchlak, has directed to investigate all aspects of the incident and take legal action against those involved. According to Deputy Commissioner Chaman Habib Bangulzai, Abdul Bari, the father of the minor girl Babu, has been arrested from Chaman, while Quetta Police is being contacted to register an FIR and hand over the arrested accused to Quetta Police. According to Deputy Commissioner Chaman, the links of the incident are similar to the murder of a 15-year-old girl in Kuchlak, while steps are also being taken to arrest the main accused.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 18 SEP 2026 Page No. 12

## مختلف مذاہب ملک کی ترقی وخوشحالی میں کردار ادا کررہے ہیں، اورنگزیب پچھی

### دشمن نے ہمیں ایک دوسرے سے جدا کرنے کی بہت کوشش کی مگر عوام نے یکجا ہوکر ان سازشوں کا مقابلہ کیا، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان پچھی اور صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ پاکستان میں مختلف مذاہب ملک کی مضبوطی کا سبب ملک کی ترقی وخوشحالی میں اپنا اپنا کردار ادا کررہے ہیں، دشمن نے بہت کوشش کی کہ ہم کو ایک دوسرے سے جدا کرے لیکن پاکستان کے عوام نے یکجا ہوکر ان سازشوں کا مقابلہ کیا۔ یہ بات انہوں نے میتھوڈسٹ چرچ کوئٹہ میں امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور یکجہتی کے موضوع پر منعقدہ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر دیگر نے بھی خطاب کیا۔ وفاقی وزیر قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان پچھی نے کہا کہ پاکستان میں مختلف مذاہب ملک کی مضبوطی کا سبب ہیں اور مختلف مذاہب کے لوگ ملک کی ترقی وخوشحالی میں اپنا اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آباد تمام مذاہب کے لوگ ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں جس پر ان کا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور وزارت قومی ورثہ وثقافت بلوچستان میں مختلف منصوبوں پر کام کررہی ہے، وفاقی حکومت بین المذاہب ہم آہنگی اور قومی ورثے وثقافت کے حوالے سے جو بھی پروگرامز ہیں صوبائی حکومت کو ہر ممکن معاونت فراہم کرے گی۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ

پاکستان میں تمام شہریوں کو برابری اور یکساں حقوق حاصل ہیں جب بھی پاکستان پر کوئی مشکل وقت آیا تمام مذاہب کے لوگوں نے ملی جذبے سے سرشار ہوکر کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## امن کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش ناکام بنائیں گے، ظہور بلیدی

### دہشتگرد اور ان کے سہولت کار امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بن سکتے

### امن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے فورسز کے جوان قوم کیلئے قابلِ فخر ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے آواران میں دہشتگردوں کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن کے دوران دہشتگردوں کا خاتمہ سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائی اور موثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں ظہور بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا دہشتگرد اور ان کے سہولت ......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کار صوبے کے امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ نہیں بن سکتے صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھرپور عزم اور استقامت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بلوچستان کے امن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے جوان پوری قوم کیلئے قابلِ فخر ہیں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا، جبکہ ریاستی ادارے امن دشمن عناصر کے عزائم کو ہر سطح پر ناکام بنانے کے لیے متحد اور پرعزم ہیں۔ ظہور بلیدی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ امن کے قیام اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ریاستی اداروں کا ساتھ دیا ہے سیکورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور صوبے میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

## نواں کلی کو شہری سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، ایڈمنسٹریٹر

### صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ سے ملاقات

### صفائی، اسٹریٹ لائٹس اور شہری مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات بارے تفصیلاً تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کوئٹہ میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر میجر (ر) بشیر احمد سے ملاقات کی، جس میں نواں کلی اور حلقہ PB-39 میں صفائی ستھرائی سمیت دیگر عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے علاقے میں صفائی ستھرائی کے مؤثر انتظامات اور شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری حل کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صاف ستھرا ماحول یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، شہری مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کو اپنا کردار مزید مؤثر بنانا ہوگا۔ اس موقع پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر میجر (ر) بشیر احمد نے یقین دہانی کرائی کہ نواں کلی اور دیگر علاقوں میں صفائی ستھرائی، اسٹریٹ لائٹس اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے میٹروپولیٹن کارپوریشن اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 SEP 2026

Page No. 13


## ضلعی انتظامیہ کی تجاوزات کیخلاف کارروائیاں، 10 افراد کو حراست میں لیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نے ایس پی ٹریفک کے ہمراہ مین نواں کلی روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سڑک پر ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والے ریڑھی بانوں اور دیگر عارضی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا جبکہ سڑک کے متاثرہ حصوں کو کلیئر کر کے عوام اور ٹریفک کی آمدورفت بحال کر دی گئی۔ تجاوزات اور انتظامی قوانین کی خلاف ورزی پر 10 افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوامی شاہراہوں اور سڑکوں پر تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی جبکہ سڑکوں کو عوام کے لئے قابل رسائی اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لئے کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

## دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ہر محاذ پر ناکام بنایا جائے گا، بابر خان یوسفزئی

### آواران میں 3 دہشتگردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی کا نتیجہ ہے، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ آواران میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت آواران میں تین دہشتگردوں کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کا نتیجہ ہے، بلوچستان کے امن کے لئے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کے لئے قابل فخر ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پورے عزم و استقامت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ہر محاذ پر ناکام بنایا جائیگا۔

## معذور سرکاری ملازمین کیلئے خصوصی کنوینس الاؤنس میں نمایاں اضافہ

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے معذور سرکاری ملازمین کے لیے خصوصی کنوینس الاؤنس میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق خصوصی کنوینس الاؤنس 4 ہزار روپے ماہانہ سے بڑھا کر 10 ہزار روپے ماہانہ کر دیا گیا ہے، جس کا اطلاق یکم جولائی 2026 سے ہوگا۔ اعلامیے کے مطابق نظر ثانی شدہ خصوصی کنوینس الاؤنس معمول کے کنوینس الاؤنس کے علاوہ دیا جائے گا۔ معذور کوٹے پر بھرتی ہونے والے سرکاری ملازمین کے علاوہ میڈیکل بورڈ کی جانب سے معذور قرار دیے گئے سرکاری ملازمین بھی اس الاؤنس کے حقدار ہوں گے۔

## عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تشہیر اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے، چیف سیکرٹری

### شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس، محکمہ اطلاعات کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس میں سیکرٹریز محکمہ اطلاعات، کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی، گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور محکمہ ماحولیات نے اپنے متعلقہ محکموں کی دو سالہ کارکردگی رپورٹس اور مستقبل کا لائحہ عمل پیش کیا۔ اجلاس میں گزشتہ دو سالہ کارکردگی، مالیاتی معاملات، عوامی خدمات اور آئندہ منصوبہ بندی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ اطلاعات نے عوامی آگاہی اور میڈیا روابط سے متعلق اقدامات کی تفصیل پیش کی، جس پر چیف سیکرٹری نے محکمہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہدایت کی کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تشہیر اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے آمدنی میں اضافے، محصولات اور انفراسٹرکچر منصوبوں پر بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری نے دونوں اتھارٹیوں کی آمدنی میں اضافے کے اقدامات کی حوصلہ افزائی کی اور آمدنی کے مزید شفاف اور مستقل ذرائع فروغ دینے پر زور دیا۔

## جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ ملازمین کیلئے 502 ملین روپے کا بلاسود قرضہ فراہم

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ بلوچستان کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ ملازمین کو درپیش دیرینہ مالی مشکلات کے حل کے لیے 502 ملین روپے کا بلاسود قرضہ فراہم کر دیا گیا ہے، جس سے ریٹائرڈ ملازمین کے پنشن بقایاجات کی ادائیگی میں مدد ملے گی۔ محکمہ خزانہ کے مطابق یہ اقدام ریٹائرڈ ملازمین کے حقوق کے تحفظ، ان کی مالی مشکلات کے ازالے اور جامعہ بلوچستان کے مالی معاملات کو بہتر بنانے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ اس موقع پر اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی اور وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے مفاہمت کی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے۔

MASHRIQ QUETTA

## غیر معیاری دودھ کی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، فوڈ اتھارٹی

### کوئٹہ میں ملاوٹی دودھ کے خلاف مہم جاری، 11 ہزار 590 لیٹر دودھ کی جانچ کی گئی، ڈی جی

### 2 ہزار 120 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف، 16 فوڈ یونٹس کو جرمانہ، ایک خفیہ یونٹ سیل کر دیا گیا، تفصیلات جاری

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر ملاوٹی اور غیر معیاری دودھ کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم دوسرے روز بھی بھرپور انداز میں جاری رہی۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے ملاوٹی دودھ کی فروخت و سپلائی کے خلاف فوری ایکشن لیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے رئیسانی روڈ، ملحقہ علاقوں اور نواں کلی بائی پاس میں دودھ کی دکانوں، ملک سپلائرز، دودھ بردار گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور دیگر مشتبہ مقامات کی چیکنگ کی۔ کارروائیوں کے دوران 50 سے زائد مراکز، دودھ سپلائی کرنے والی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، رکشوں اور دیگر ذرائع نقل و حمل کی اسپاٹ چیکنگ کی گئی۔ دوسرے روز خصوصی مہم کے دوران موبائل لیبارٹریز کے ذریعے مجموعی طور پر 11,590 لیٹر دودھ کی موقع پر جانچ کی گئی، ملاوٹ ثابت ہونے پر 2,120 لیٹر ملاوٹی دودھ موقع پر تلف کر دیا گیا۔ ٹیسٹنگ کے دوران دودھ میں پانی کی ملاوٹ اور اسکمڈ ملک کی نشاندہی ہوئی۔ کارروائیوں کے دوران خلاف ورزیوں پر 16 فوڈ بزنس یونٹس کو جرمانے عائد کیے گئے جبکہ ایک خفیہ یونٹ سیل کر دیا گیا۔ موبائل لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر ہی دودھ کے معیار کی جانچ کرتے ہوئے غیر معیاری اور ملاوٹی دودھ کو تلف کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان ان اس سلسلے میں کہا ہے کہ ملاوٹی اور غیر معیاری دودھ کی فروخت و سپلائی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ملاوٹ سے پاک اور محفوظ دودھ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فیلڈ آپریشنز مزید موثر بنائے جا رہے ہیں، دودھ کی سپلائی چین میں ملاوٹ کی روک تھام کے لیے دکانوں کے ساتھ ساتھ دودھ بردار گاڑیوں اور سپلائرز کی بھی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ ڈی جی بی ایف اے نے کہا کہ موبائل لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر فوری ٹیسٹنگ سے ملاوٹ کی بروقت نشاندہی اور فوری کارروائی کا عمل تیز کیا جا رہا ہے جبکہ خلاف ورزی کرنے والے فوڈ بزنس آپریٹرز کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیاں جاری رہیں گی۔

## کوئلہ کانوں میں جنوری سے اب تک 75 کانکن جان کی بازی ہار گئے

### محکمہ معدنیات کا مائنز اونر، مزدور تنظیموں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس طلب کرنے کا فیصلہ

### کوئلہ کانوں میں مسلسل حادثات نے محکمہ معدنیات کے حکام کو تشویش میں مبتلا کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی کوئلہ کانوں میں رواں سال جنوری سے لیکر اب تک ہونے والے 30 کوئلہ کان حادثات نے 75 کان کنوں کی جانیں لے لیں، تواتر سے ہونے والے حادثات نے محکمہ معدنیات کے حکام کو پریشان کر دیا، محکمہ معدنیات کے حکام نے مائنز اونر، مزدور تنظیموں کے نمائندوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس طلب کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ معدنیات کے حکام کے مطابق رواں سال جنوری سے لیکر پندرہ ستمبر تک صوبے کی......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کوئلہ کانوں 30 کان حادثات ہوئے جن میں 75 کان کن جان بحق جبکہ 14 زخمی ہوئے، کوئلہ کان میں زیادہ تر حادثات دکی، سورینج، شاہرگ، ہرنائی کی کانوں میں پیش آئے، رواں سال صوبے کی کوئلہ کانوں میں مسلسل ہونے والے حادثات نے محکمہ معدنیات کے حکام کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے ابھی ایک کوئلہ کان میں حادثے کی تحقیقات مکمل نہیں ہوتی تو دوسرا کان حادثہ ہو جاتا ہے اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ معدنیات کے حکام نے مائنز اونر، مزدور تنظیموں کے نمائندوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کا اجلاس طلب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 SEP 2026 Page No. 14

# افغان حکومت نے ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کیخلاف موثر کارروائی نہیں کی، پاکستان

**پاکستان دہشت گردی کی یلغار کے سامنے خاموش نہیں رہ سکتا، بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے دفاع میں کارروائی کرے گا**

**شدید معاشی دباؤ اور افغانستان سے بڑھتا ہوا دہشت گردی کا خطرہ عالمی برادری کے لیے سنگین تشویش کا باعث ہے، عاصم افتخار**

**اقوام متحدہ کا معاون مشن برائے افغانستان ہتھیاروں کی غیر قانونی تجارت اور منی لانڈرنگ کی رپورٹنگ کرے، مندوب اقوام متحدہ**

اسلام آباد (م ڈ) طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) جیسے گروہوں کے خلاف موثر کارروائی نہیں کی۔ افغانستان کی صورتحال پر سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

نے طالبان اور ٹی ٹی پی، بی ایل اے سمیت دیگر گروہوں کے درمیان گہرے گٹھ جوڑ کی نشاندہی کی۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی عناصر کی جانب سے افغانستان کے اندر پراکسی گروہوں کی حمایت بھی صورتحال کو مزید خراب کر رہی ہے۔ پاکستانی مندوب نے واضح طور پر کسی ملک کا نام لیے بغیر کہا کہ ایسے عناصر پاکستان اور دیگر ہمسایہ ممالک کو نشانہ بنانے کے لیے پراکسیز کی حمایت کر رہے ہیں۔ سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ پاکستان اس دہشت گردی کی یلغار کے سامنے خاموش نہیں رہ سکتا اور ضرورت پڑنے پر بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے دفاع میں کارروائی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی افواج افغانستان سے انخلا کے وقت سابق افغان حکومت کے استعمال کے لیے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود چھوڑ گئی تھیں۔

# شہر میں صفائی کی صورتحال میں مزید بہتری لائی جائے، کمشنر کوئٹہ

**جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے صفائی کے نظام میں شفافیت اور شہریوں کو فراہم سہولیات میں مزید بہتری لائی جاسکتی ہے، شلیل قادر خان**

**شہر میں صفائی وستھرائی کے کام کی نگرانی کریں، زیر صدارت اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت سولڈ ویسٹ مینجمنٹ اور شہر میں صفائی کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر کی صفائی، کچرے کو ٹھکانے لگانے، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن، ڈرینج کی صفائی اور شہری شکایات کے ازالے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ، سی ای او صفاء کوئٹہ دل نواز شاہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ظہور احمد سمیت میٹروپولیٹن کارپوریشن اور صفاء کوئٹہ کے متعلقہ افسران نے......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

شرکت کی اجلاس کے دوران صفاء کوئٹہ حکام کی جانب سے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو شہر میں جاری صفائی کے اقدامات، کچرے کو ٹھکانے لگانے اور دیگر معاملات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ صفاء کوئٹہ اس وقت روزانہ تقریباً 14 ٹن کچرا اٹھا کر ٹھکانے لگا رہا ہے، جبکہ شہر میں روزانہ تقریباً 16 ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے کچرہ ٹھکانے لگانے کیلئے مشرقی بائی پاس اور کچلاک میں دو ڈمپنگ سائٹس قائم ہیں حکام کے مطابق صفاء کوئٹہ کی جانب سے کوئٹہ شہر کے تمام 58 وارڈز میں سویپنگ، صفائی ستھرائی، کچرے کو اٹھانے اور ڈرینج کی صفائی کا کام جاری ہے گزشتہ 2 سال کے دوران 7 لاکھ 35 ہزار سے زائد مقدار میں کوڑا کرکٹ اٹھا کر ڈمپنگ یارڈز تک منتقل کیا جا چکا ہے، جبکہ شہر میں موجود 123 پرانے ڈمپنگ پوائنٹس کو بھی صاف کر کے ختم کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ صفاء کوئٹہ نے صفائی کے نظام کو موثر بنانے کیلئے 1829 لوکل افراد کو ملازمت پر بھرتی کیا ہے۔ اس کے علاوہ شہریوں خصوصاً طلبہ میں صفائی کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کیلئے کوئٹہ کے مختلف اسکولوں اور کالجوں میں 100 سے زائد آگاہی سیشنز بھی منعقد کیے جا چکے ہیں اجلاس کو بتایا گیا کہ صفا کوئٹہ کی جانب سے اس وقت شہر میں 28 اسکیموں میں ڈور ٹو ڈور کچرا کلیکشن کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔

# پولیس عوام کیساتھ ملکر جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ یقینی بنائے گی، ڈی آئی جی کوئٹہ

**پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مسائل کے حل کیلئے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے رہی ہے**

**ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کی جانب سے پولیس افسران و ملازمان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر گفتگو**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مسائل کے حل کیلئے اپنے فرائض احسن طریقے سے سرانجام دے رہی ہے پولیس عوام کے ساتھ ملکر جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ یقینی بنائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ شب ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی جانب سے سریاب ڈویژن کے پولیس افسران و ملازمان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پولیس افسران و ملازمان سے بات چیت کرتے ان کے مسائل اور مشکلات کو سنا اور متعلقہ افسران کو ان مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری احکامات جاری کیے گئے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت نے کہا کہ پولیس افسران و جوان محکمہ کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی فلاح و بہبود اور مسائل کا بروقت ازالہ محکمہ پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ کوئٹہ پولیس اپنے افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 SEP 2026

Page No. 15

# پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے تمام طبقات بالخصوص بزنس کمیونٹی کردار ادا کرے، یونیسیف

## پولیو مہمات کی کامیابی کیلئے کاروباری برادری، علما اور قبائلی مشران کا مل کر کام کرنا ناگزیر ہے

### پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا ضروری ہے، یونیسیف نمائندگان

کوئٹہ (آن لائن) یونائیٹڈ نیشنز انٹرنیشنل چلڈرنز ایمرجنسی فنڈ (UNICEF) بلوچستان کے لیڈ شاہ پور سلیمان، بی ایم جی ایف ڈاکٹر نجیب سلیمان و دیگر نے کہا ہے کہ پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے معاشرے کے تمام طبقات بالخصوص بزنس کمیونٹی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، کمیونٹی کو متحرک اور والدین کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے پر آمادہ کرنے کیلئے مسلسل اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ضرورت ہوگی پولیو سے بچا کی مہمات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، کیونکہ اگر وائرس کو پھیلنے کا موقع ملا تو اس پر قابو پانا انتہائی مشکل ہو جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان میں پولیو سے بچاؤ اور اس کے خاتمے کے حوالے سے منعقدہ آگاہی و مشاورتی نشست کے دوران کیا۔ اس موقع پر ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے حاجی محمد ایوب مریانی، سابق صدر جمعہ خان بادیزئی، سابق سینئر نائب صدر آغا گل خلجی، یونیسیف کی فوکل پرسن محترمہ معصومہ اور ایمرجنسی آفیسر مسٹر خالد خان و دیگر بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے حاجی محمد ایوب مریانی، سابق صدر جمعہ خان بادیزئی، سابق سینئر نائب صدر آغا گل خلجی اور دیگر نے پولیو کے خاتمے کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں بھی ضرورت محسوس ہوئی، بزنس کمیونٹی پولیو مہمات کی کامیابی کیلئے قبائلی مشران، علما کرام اور دیگر طبقات کے ساتھ مل کر کمیونٹی کو متحرک کرنے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے مختلف علاقوں میں پولیو کے قطرے پلانے سے انکار کرنے والے والدین کو قائل کرنے کیلئے بھی بھرپور کوششیں کرنے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ بچوں کو پولیو جیسی موذی بیماری سے محفوظ رکھنا مشترکہ ذمہ داری ہے جس کیلئے حکومت، متعلقہ اداروں، علما، قبائلی مشران، کاروباری برادری اور والدین کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ یونیسیف کے نمائندوں نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور متعدی بیماری ہے اور پانچ سال سے کم عمر بچوں کو خصوصی طور پر پولیو وائرس سے خطرات لاحق رہتے ہیں اس لیے ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ویکسین کے حوالے سے مسلم ممالک میں بھی اتفاق پایا جاتا ہے کہ پولیو کے قطرے حلال اور بچوں کی صحت و تحفظ کیلئے فائدہ مند ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بعض حالات میں ڈائریا کی وجہ سے پولیو کے قطرے موثر طور پر جذب نہ ہونے کے باعث بچے کو دوبارہ قطرے پلانے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے اس لیے پولیو ٹیموں کی جانب سے بچوں کو بار بار قطرے پلانے کی کوشش کی جاتی ہے

Century Express Quetta

# ڈی سی نے طوغی روڈ کے رہائشیوں کی شکایت کا نوٹس لے لیا

## سپیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں راستے میں تعمیر کردہ دیوار گرا دی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے علاقہ مکینوں کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے طوغی روڈ پر بند راستہ فوری طور پر کھولنے کی ہدایت کی۔ اس سلسلے میں سپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسن کھوسہ نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے متعلقہ افسران کے ہمراہ موقع کا دورہ کیا، جہاں سڑک کے راستے میں تعمیر کی گئی دیوار کو گرا کر آمدورفت بحال کر دی گئی۔ علاقہ مکینوں کی جانب سے شکایت کی گئی تھی کہ اسٹریٹ میں دیوار قائم کر کے راستہ بند کر دیا گیا ہے جس کے باعث انہیں آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی راستوں اور سڑکوں پر غیر قانونی رکاوٹوں کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

# ڈی سی کوئٹہ ویسٹ کی ہدایت پر گداگروں کیخلاف کارروائی

## مختلف مقامات پر 12 افراد کو حراست میں لے لیا گیا، 11 خواتین بھی شامل

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر گداگروں کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالرزاق کی جانب سے قمبرانی روڈ، سریاب روڈ کے اطراف مشترکہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران مختلف مقامات پر بھیک مانگنے میں ملوث 12 افراد حراست میں لے لئے جن میں 11 خواتین بھی شامل ہیں۔ ضلع انتظامیہ مغرب (west) کا گداگری کے خلاف مسلسل کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔

# وزیراعلیٰ کی منظوری، چیف سیکرٹری کے حکم پر افسران کے تبادلے

## اسداللہ فیض سیکرٹری جنگلات، شاہد سلیم قریشی سیکرٹری بین المذاہب تعینات

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی پیشگی منظوری سے چیف سیکرٹری کے حکم پر عوامی مفاد میں مختلف افسران کے تبادلے کر دیئے گئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمشنر بی اسداللہ فیض کو سیکرٹری جنگلات، ممبر وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم شاہد سلیم قریشی کو سیکرٹری بین المذاہب تعینات کر دیا گیا جبکہ سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات عمران تاج بگٹی اور سیکرٹری بین المذاہب ہم آہنگی (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

حافظ محمد طاہر کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کا حکم اور ایس اینڈ جی اے ڈی میں تعیناتی کے منتظر عرفان اللہ خان نئے کمشنر بی ہوں گے۔

INTEKHAB QUETTA

# سینٹرل جیل ژوب کو جعلی عدالتی احکامات پر 2 سزا یافتہ قیدیوں کی رہائی، تحقیقات شروع

## عبدالسلام اور امان اللہ 25، 25 سال قید کاٹ رہے تھے، 30 مئی کو جعلی احکامات پر رہا ہوئے، انکشاف کے بعد 30 اگست 2026ء کو مقدمہ درج کیا گیا

### سابق سپرنٹنڈنٹ حبیب اللہ، ڈیٹا انٹری آپریٹر سدا گل اور کلرک عبدالجلیل معطل، جعلی عدالتی احکامات تیار، جیل تک پہنچانے اور مبینہ طور پر سہولت کار عناصر کا تعین جاری

کوئٹہ + ژوب (این این آئی + نامہ نگار) سینٹرل جیل ژوب سے مبینہ جعلی عدالتی احکامات کے ذریعے منشیات کے مقدمات میں 25، 25 سال قید کی سزا پانے والے دو قیدیوں کی غیر قانونی رہائی کا انکشاف ہوا جس کے بعد جیل انتظامیہ کے خلاف تحقیقات شروع کر دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق غیر قانونی طور پر رہا کیے جانے والے قیدیوں میں نصیر آباد کے رہائشی عبدالسلام اور کچلاک کے رہائشی امان اللہ شامل ہیں، دونوں منشیات کے مقدمات میں بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر

25، 25 سال قید کی سزا کاٹ رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق دونوں قیدیوں کو 30 مئی 2025 کو عدالتی احکامات کے نام سے جاری مبینہ جعلی احکامات کی بنیاد پر ژوب سینٹرل جیل سے رہا کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مغرب کے وقت نامعلوم شخص مبینہ جعلی عدالتی احکامات لے کر جیل گیٹ پر تعینات اہلکار کے پاس پہنچا، جس کے بعد ان احکامات کی بنیاد پر دونوں قیدیوں کی رہائی عمل میں لائی گئی۔ واقعہ کا انکشاف ہونے کے بعد نئے سپرنٹنڈنٹ جیل کی مدعیت میں 30 اگست 2026 کو سٹی پولیس اسٹیشن ژوب میں دونوں رہا ہونے والے قیدیوں اور نامعلوم سہولت کاروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مبینہ غفلت اور واقعے میں انتظامی ذمہ داری کے تعین کے لئے سابق سپرنٹنڈنٹ جیل حبیب اللہ، ڈیٹا انٹری آپریٹر سدا گل اور کلرک عبدالجلیل کو معطل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جعلی عدالتی احکامات پر سزا یافتہ قیدیوں کی رہائی کے واقعے نے جیل انتظامیہ کی نگرانی، عدالتی احکامات کی تصدیق کے طریقہ کار اور مجموعی سیکورٹی نظام پر بھی سوالات اٹھا دیئے ہیں۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ جعلی عدالتی احکامات تیار کرنے، جیل تک پہنچانے اور قیدیوں کی رہائی میں مبینہ طور پر سہولت کاری کرنے والے عناصر کا تعین کیا جا رہا ہے۔

# خضدار: 190 بند سکولز فعال، 9540 بچوں کا دوبارہ سکولوں میں داخلہ

**تعلیمی مسائل کو حل کرنے اور تعلیمی نتیجہ بہترین بنانے کیلئے محکمہ تعلیم انتظامیہ اور تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر کام کر رہے ہیں اور ہم بہتری کی جانب گامزن ہیں، ڈپٹی کمشنر خضدار**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیمی ایمرجنسی کے وژن اور خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلع خضدار میں تعلیم کے شعبے میں ایک تاریخی اور انقلابی پیش رفت سامنے آئی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی انتھک کاوشوں محنت اور لگن سے صوبے بھر میں تعلیم کے فروغ کے لیے جو اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں خضدار میں اس کی عملی تصویر نظر آنے لگی ہے وزیر اعلیٰ کے احکامات پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے ڈی سی آفس خضدار میں منعقدہ ہال میں پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہیکہ ہم نے اسوقت تقریباً 190 کمیونٹی اسکولز فعال کئے ہیں اور 190 اسکولوں میں ہم نے 9 ہزار 5 سو 40 کے قریب طلبا کو انرول کیا ہے یہ صوبائی حکومت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی بہت بڑی کارنامہ ہے ضلع بھر میں غیر فعال سکولوں کے خلاف بھرپور مہم چلائی جس کے نتیجے میں 190 بند اور غیر فعال سکولوں کو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے یہ سکول عرصہ دراز سے بند پڑے تھے اور ان کی عمارتیں کھنڈرات میں تبدیل ہو رہی تھیں ان سکولوں کی بحالی سے تعلیم سے دور اور محروم رہنے والے 9 ہزار 5 سو 40 بچوں کو دوبارہ سکولوں میں داخل کرایا گیا ہے جو کہ خضدار کی تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا ہے کہ تعلیمی غربت کے مسئلے کو حل کرنے اور تعلیمی نتیجہ بہترین بنانے کیلئے محکمہ تعلیم انتظامیہ اور تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر کام کر رہے ہیں اور ہم بہتری کی جانب گامزن ہیں یہ تمام کامیابی وزیر اعلیٰ بلوچستان کی تعلیم دوست پالیسی اور ان کی سرپرستی کا نتیجہ ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا واضح موقف ہے کہ بلوچستان کا ہر بچہ سکول میں ہوگا اور کوئی بھی سکول بند نہیں رہے گا انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں ہم خضدار کے ہر گاؤں اور ہر بستی تک تعلیم کی روشنی پہنچائیں گے انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کی سو فیصد حاضری کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

# بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کو رجسٹریشن اور ٹیکس ادائیگی کے نوٹس جاری

**ٹیکس قوانین پر عملدرآمد سے صوبائی محصولات میں اضافہ، ٹیکس نظام میں شفافیت اور کاروباری سرگرمیوں کی بہتر دستاویز بندی ممکن ہوگی، بی آر اے حکام**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت، چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران نانی جان، کیک اینڈ کوکیز، ایل ڈوراڈو اور دیگر بیکریوں و سویٹس شاپس کو بلوچستان پروفیشنز، ٹریڈز، کالنگز اینڈ ایمپلائمنٹ ٹیکس ایکٹ 2026 کے تحت رجسٹریشن اور پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے نوٹسز جاری کیے گئے۔ اس موقع پر متعلقہ کاروباری افراد کو پروفیشنل ٹیکس سے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہوئے قانون کے مطابق بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی کی ہدایت کی گئی۔ BRA حکام نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد سے صوبائی محصولات میں اضافہ، ٹیکس نظام میں شفافیت اور کاروباری سرگرمیوں کی بہتر دستاویز بندی ممکن ہوگی۔

CS CamScanner

# فضل الرحمٰن: کے پی کے اور بلوچستان جل رہا ہے، سندھ میں ڈاکو راج ہے

تمہارا باپ بھی مدرسے بند کرسکتا ہے نہ مولوی بننے سے روک سکتا ہے، پاکستان کا بچہ بچہ حرمین شریفین کیلئے جان دینے کو تیار ہے

فاروق ستار، مولانا اللہ وسایا، مفتاح اسماعیل، علی خورشیدی، محمد حسین محنتی، ابوالخیر زبیر و دیگر کا بھی تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب

کراچی (خالد محبوب ۔۔نمائندہ جنگ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ ملک کا امن تباہ ہے، کے پی کے اور بلوچستان جل رہا ہے، سندھ میں ڈاکو راج ہے۔ پاکستان کے دینی مدارس کو نشانے پر رکھا ہوا ہے تمہارا باپ بھی مدرسے بند کرسکتا ہے نہ مولوی بننے سے روک سکتا ہے، انگریز ہارا تھا ایجنٹ بھی ہاریں گے۔ یمن سے گروہ اٹھ کر سعودی عرب پر حملہ آور ہے پاکستان کا بچہ بچہ حرمین شریفین کیلئے جان دینے کو تیار ہے۔ وہ شاہراہ قائدین پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ کانفرنس سے فاروق ستار، مولانا اللہ وسایا، مفتاح اسماعیل، علی خورشیدی، محمد حسین محنتی، ابوالخیر زبیر، مولانا مختار احمد، مولانا عبدالحق، علامہ راشد مدنی، قاضی احمد نورانی، ایڈووکیٹ منظور احمد میو، علامہ یوسف قصوری، پیر خواجہ نجیب احمد، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مفتی زبیر اشرف عثمانی، مولانا رضوان، مولانا عزیز الرحمن ثانی، سمیع الحق سواتی، مولانا غیاث، قاری محمد عثمان، مولانا عبدالقیوم ہالیجوی اور مولانا قاضی احسان و دیگر نے بھی تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کیا۔

## مولانا ہدایت الرحمٰن نے جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبوں کا افتتاح کردیا

تعلیم اور کھیلوں کے منصوبوں کا افتتاح گوادر کے عوام کے لیے ایک اہم تحفہ ہے، ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے صوبائی امیر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ اور ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت مکمل کیے گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ جن میں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر کی تعمیر، توسیع وتزئین وآرائش، کیپٹن یعقوب راہی والی بال گراونڈ، عبداللہ عاصم فٹبال گراونڈ شامل ہیں۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈز و کنٹرولر بلڈنگ جی ڈی اے نادر بلوچ، سپرنٹنڈنگ انجینئر بلڈنگ شے آصف غنی، پراجیکٹ ڈائریکٹر اولڈ ٹاون بحالی منصوبہ میر دودا خان مری، پراجیکٹ ڈائریکٹر واٹر میر جان بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ایجوکیشن آفیسر کمیل زرخاتون سمیت دیگر موجود تھے۔

## اسلام آباد لانگ مارچ کے لیے بلوچستان سے قافلے آج اور کل ہفتہ کو روانہ ہوں گے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر اسلام آباد لانگ مارچ کے لیے بلوچستان سے قافلے آج جمعہ اور کل ہفتہ کو روانہ ہوں گے۔ تمام اضلاع اور برادر تنظیموں کے ذمہ داران کو اہداف اور ضروری ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

## پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی، سنجیدگی اور باوقار انداز میں منعقد ہونگی، پشتونخوانیپ

جنوبی پشتونخوا میں حالات انتہائی تشویشناک، تمام اضلاع کی تنظیمیں سادگی اختیار کریں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے پشتون قوم کی قدیم ثقافت، تہذیب، زبان، رسم و رواج اور روایات کو اجاگر کرنے کا ایک اہم عالمی دن ہے۔ اس دن کو ہر سال ملک اور بیرون ملک مختلف علاقوں میں پشتون ثقافت اور تہذیب کے اظہار کے طور پر منایا جاتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن، بالخصوص جنوبی پشتونخوا میں موجودہ حالات انتہائی تشویشناک ہیں۔ دہشت گردی، بدامنی، قتل وغارت گری، مختلف سانحات اور امن وامان کی ابتر صورتحال کے باعث اس سال 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی، سنجیدگی اور باوقار انداز میں منعقد کی جائیں گی۔ پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ نے تمام اضلاع کی تنظیموں کو تاکید کی ہے کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کی تقریبات سادگی اور وقار کے ساتھ منعقد کریں۔



# سینیٹ قائمہ کمیٹی: بی آئی ایس پی بلوچستان کیلئے 18 موبائل وینز مختص، بھرتیوں پر پابندی ہٹائی جائے

سردار محمد عمر گورگیج کی زیر صدارت اجلاس، خالی آسامیوں، ڈیپوٹیشن پالیسی اور 4 لاکھ مستحقین کے بلاک کارڈز پر اظہار تشویش

اسلام آباد (انتخاب نیوز) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) اور پاکستان بیت المال میں بھرتیوں پر عائد پابندی اٹھانے کا مطالبہ کرتے ہوئے خالی آسامیوں، ڈیپوٹیشن پالیسی اور بی آئی ایس پی کے تقریبا 4 لاکھ مستحقین کے بلاک کارڈز پر تشویش کا اظہار کیا۔ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج کی زیر صدارت ہوا، جس میں سینیٹر روبینہ قائم خانی، سینیٹر جان محمد اور سینیٹر دوست علی جیسر نے شرکت کی، جبکہ وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ بھی اجلاس میں موجود تھے۔ کمیٹی نے تعلیم اور صحت کے شعبوں سے بی آئی ایس

بقیہ نمبر 73 صفحہ 5 پر

پی میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کی حوصلہ شکنی کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے کمیٹی کو آگاہ کیا کہ اس معاملے پر وزارت خزانہ و محصولات سے پہلے ہی رابطہ کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ کمیٹی زیر التوا بھرتیوں کی ہموار تکمیل کو یقینی بنانے کی سفارش کرے، جبکہ یقین دہانی کرائی کہ معاملہ وزیراعظم کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ اجلاس میں بلوچستان میں موبائل وینز کی کمی اور اس کے تدارک کے لیے ضروری اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ دستیاب 25 موبائل وینز میں سے 18 بلوچستان میں عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے مختص کی گئی ہیں۔ کمیٹی نے ذیلی کمیٹی کی رپورٹ کو موخر کردیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 18 SEP 2026 Page No. 18

## کمسن بچی کا بوڑھے سے نکاح، وزیراعلیٰ کے نوٹس پر لڑکی کا والد چمن سے گرفتار

**واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری، ملوث کسی بھی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا، شاہد رند**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک میں کم سن بچی کے ضعیف العمر شخص سے نکاح کے معاملے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا نوٹس کم سن بچی بہو کے والد عبدالباری کو چمن سے گرفتار کرلیا گیا کوئٹہ پولیس سے رابطہ کیا جارہا ہے، ڈپٹی کمشنر چمن نے کہا ہے کہ واقعہ ہی ثریاں کچلاک میں 15 سالہ بچی کے گل سے ہی ہیں" معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ کم سن بچی کے ساتھ پیش آنے والے واقعے میں ملوث کسی بھی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں، بچی کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں کو موثر اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔

## خضدار: فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

خضدار (این این آئی) خضدار کے علاقے میں فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس حکام کے مطابق جمعرات کو خضدار کے علاقے کرخ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار اللہ رکھیہ شہید ہوگیا لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## مستونگ: مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، ایک زخمی

**تعلق ایک ڈکیت گروہ سے تھا، ایک پک اپ گاڑی چھینی تھی، پولیس ذرائع، تحقیقات کا آغاز**

مستونگ (نامہ نگار) مستونگ کے علاقہ نوزہ کانک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، ایک شدید زخمی ہوگیا، پولیس نے واقعے کے بعد لاشوں اور زخمی کو طبی امداد کے لیے کوئٹہ منتقل کر دیا پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ میں جاں بحق ہونے والے افراد میں سے ایک کا تعلق ڈھاڈر جبکہ دیگر کا تعلق مستونگ سے بتایا جاتا ہے، پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ ابتدائی معلومات کے مطابق جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد مبینہ طور پر ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ایک گروہ سے تعلق رکھتے تھے اور انہوں نے ایک پک اپ گاڑی چھینی تھی۔ پولیس کے مطابق تینوں افراد کو مبینہ طور پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نشانہ بنایا۔

## حب: سندھ پولیس کو 12 وارداتوں میں مطلوب ملزم ہلاک، دو ساتھی گرفتار

**خفیہ اطلاع پر پولیس کارروائی کیلئے گئی تو گرفتاری سے بچنے کیلئے ملزمان نے فائرنگ کردی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حب وندر پولیس نے آرسی ڈی ہائی وے پر ڈکیتی کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے صوبہ سندھ جامشورو حیدرآباد کو 12 سنگین وارداتوں میں مطلوب ملزم ہلاک جبکہ اس کے دو ساتھیوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع پر کی گئی کارروائی کے دوران ملزمان نے گرفتاری سے بچنے کے لیے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی، جس کے بعد دونوں جانب فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ فائرنگ کے نتیجے میں مطلوب ملزم جاوید علی بروہی شدید زخمی ہوگیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔

## نصیرآباد پولیس نے مقابلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کرلیا

**ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل برآمد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نصیرآباد پولیس نے تھانہ میر حسن کی حدود میں کارروائی کرتے ہوئے مبینہ پولیس مقابلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، قبضے سے اسلحہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق کارروائی ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی ہدایات پر کی گئی۔ ایس ایچ او میر حسن سب انسپکٹر شاہن خان سوگی اپنی ٹیم کے ہمراہ معمول کی گشت پر تھے کہ ایک مشکوک موٹر سائیکل سوار کو رکنے کا اشارہ کیا گیا۔ تاہم ملزمان نے رکنے کے بجائے فرار ہونے کی کوشش کی، جس پر پولیس نے ان کا تعاقب شروع کر دیا۔ پولیس کے مطابق تعاقب کے دوران ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی، جس کے بعد دونوں جانب سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ بعد ازاں پولیس نے باغان چیک پوسٹ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے دو مشتبہ ملزمان محمد خان ولد عبدالکریم اور سریام ولد گامز، قوم بگٹی، ساکنان ربیع بیرون کو گرفتار کرلیا۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈی ایم جمالی' پولیس تھانہ میر حسن سے قیدی سرکاری اسلحہ سمیت فرار

**ایس ایس پی نصیرآباد کا سخت نوٹس' فرائض میں غفلت برتنے پر عملہ معطل**

**گارڈ انچارج فرید اعوان اور کانسٹیبل احسان لاشاری گرفتار' مقدمہ درج' مزید کارروائی جاری ہے' پولیس**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ میر حسن سے قیدی فرار ہوگیا فرار قیدی نے جاتے ہوئے سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے گیا فرائض میں غفلت برتنے پر ڈیوٹی پر تعنیات عملہ معطل فرار قیدی کی گرفتاری کیلئے پولیس کے مختلف مقامات پر چھاپے جاری' پولیس کے مطابق نصیرآباد کے علاقے ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ میر حسن میں زیر حراست قیدی جان محمد بگٹی حوالات سے فرار ہو گیا پولیس کے مطابق فرار......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

قیدی جاتے ہوئے سرکاری اسلحہ گولیاں ودیگر سامان بھی اپنے ساتھ لے گیا واقعہ کی اطلاع پر ایس ایس پی نصیرآباد بھاری پولیس نفری کے ہمراہ میر حسن پولیس تھانے پہنچ گئے پولیس نے فرار قیدی کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مارے تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جاسکی ایس ایس پی نے فرائض میں غفلت برتنے پر ڈیوٹی عملے کو معطل کر کے انکوائری کے احکامات جاری کر دیے دریں اثناء میر حسن پولیس تھانے سے قیدی کے فرار کا معاملہ' ایس ایس پی نصیرآباد نے ہیڈ محرر کو معطل گارڈ انچارج سمیت دو پولیس اہلکاروں پر مقدمہ درج گرفتار کرلیا گیا پولیس کے مطابق میر حسن پولیس تھانے سے قیدی فرار ہونے کا ایس ایس پی نصیرآباد نے نوٹس لیتے ہوئے فرائض میں غفلت برتنے پر ہیڈ محرر امام بخش کھوسو کو معطل جبکہ گارڈ انچارج فرید اعوان اور کانسٹیبل احسان لاشاری پر مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کر دیے گئے پولیس کے مطابق احکامات کی تعمیل کرتے ہوئے مقدمہ درج کر کے دونوں پولیس اہلکاروں کو گرفتار کرلیا گیا۔

## استا محمد، ڈاکٹر سہیل کا قتل، بیوی گرفتار، مقدمہ درج

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستا محمد کے معروف ڈاکٹر سہیل ملک کا قتل عوامی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی پولیس نے مقتول کی بیوی کو قتل کے شبے میں گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب اوستا محمد کے معروف ڈاکٹر سہیل ملک کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا قتل کو خودکشی ظاہر کرنے کی ناکام کوشش پولیس نے قتل کے شبے میں مقتول کی بیوی کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے ڈاکٹر سہیل ملک کی قتل کی خبر شہر میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی رشتہ دار عزیز واقارب سمیت شہریوں کی بڑی تعداد ان کے مقامی اسپتال پہنچ گئے نماز جنازہ میں سینکڑوں کی تعداد میں شہریوں نے شرکت کی نماز جنازہ کے بعد تدفین کے لیے میت کو ان کے آبائی گاؤں سندھ لے جایا گیا مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے

## حب، فائرنگ کا تبادلہ، 1 ڈاکو ہلاک، 2 گرفتار

**ملزم جاوید علی 12 سے زائد سنگین مقدمات میں مطلوب تھا، پولیس**

کوئٹہ (آن لائن) حب پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بلوچستان وسندھ پولیس کو درجن سے زائد سنگین وارداتوں میں مطلوب ملزم فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا جبکہ اس کے 2 ساتھیوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے خفیہ اطلاع پر سنگین وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی تو ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کر دی جوابی کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں مطلوب ......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ملزم جاوید علی بروہی شدید زخمی ہوگیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ اس کے 2 ساتھیوں کو گرفتار کرلیا گیا پولیس حکام کے مطابق کارروائی میں ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا جسے علاج کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور ایک گاڑی برآمد کی جو مبینہ طور پر جرائم کی سرگرمیوں میں استعمال کی جا رہی تھی۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم جاوید علی بروہی حیدرآباد اور جامشورو میں 12 سے زائد سنگین مقدمات میں مطلوب تھا۔ ان مقدمات میں ڈکیتی، مسلح جرائم پولیس پر مزاحمت اور منشیات سے متعلق تھے۔ گرفتار دونوں ملزمان سے تفتیش جاری ہے۔

## کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں جاری' جرائم میں ملوث 10 ملزمان گرفتار

**خاتون کو ہراساں کرنے والا شخص عارف گرفتار' مقدمات درج' مزید تفتیش جاری ہے' پولیس**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس کی جانب سے اشتہاری راہزنی، ڈکیتی، مفرور اور خواتین کو ہراساں کرنے سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون اور دیگر سامان برآمد کرلیا جبکہ بغیر نمبر پلیٹ کے 35 موٹر سائیکلیں بند اور 7 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے گئے پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

خصوصی ہدایت پر شالکوٹ پولیس نے اشتہاری ملزمان میر باز، محمد میر اور ناصر خان کو گرفتار کر کے بغیر نمبر پلیٹ کے 18 موٹر سائیکلوں کو بند کیا اسی طرح کچلاک پولیس نے ملزم راز محمد سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلیا۔ نوحصار پولیس نے سنیچر زنجیب اللہ، جعفر خان، نقیب کو گرفتار کر کے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون، اسلحہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔

CamScanner

# آواران میں فورسز کا کامیاب آپریشن، 3 دہشتگرد ہلاک

## علاقے بدرگ میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائی کی، خودکار اسلحہ، گولہ بارود برآمد

## دہشتگرد نیٹ ورک کی کمر توڑ دی، سکیورٹی ذرائع، وزیر داخلہ کا فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (خالد محمود) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع آواران کے علاقے بدرگ میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق بھاری مقدار میں جدید خودکار اسلحہ، گولہ بارود اور تخریبی مواد برآمد کر لیا گیا ہے، فورسز کے مسلسل اور موثر آپریشنز کے نتیجے (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

میں صوبے میں انتشار پھیلانے والے اس دہشت گرد نیٹ ورک کی کمر توڑ دی گئی ہے اور انہیں بھاری جانی و مالی نقصان پہنچا ہے۔ سکیورٹی فورسز نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام، عوام کیجان و مال کے تحفظ اور ملک دشمن دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ ادھر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آواران میں کامیاب کارروائی پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا، انہوں دوٹوک انداز میں واضح کیا کہ ملک دشمن دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کا جڑ سے مکمل خاتمہ پوری قوم کی متفقہ آواز ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 18 SEP 2026 Page No. 20


# اوستہ محمد کی پولیس نفری جعفرآباد منتقل، شہری تحفظ سے محروم

## 250 سے 300 پولیس اہلکار اوستہ محمد سے تنخواہیں وصول کرکے جعفرآباد میں عارضی ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں

### نفری کی شدید کمی کے باعث جرائم میں اضافہ، جعفرآباد میں تعینات اہلکار فوری واپس بلا کر اوستہ محمد میں تعینات کیا جائے، عوامی حلقے

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد میں پولیس نفری کی شدید کمی، 300 اہلکار جعفرآباد میں ڈیوٹی پر مامور اور تنخواہیں اوستا محمد سے وصول کر رہے ہیں عوامی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع اوستہ محمد میں پولیس نفری کی شدید کمی کے باعث امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہونے لگی، جبکہ ذرائع کے مطابق اوستہ محمد سے تعلق رکھنے والے تقریباً 250 سے 300 پولیس ملازمان تنخواہیں تو اوستہ محمد سے وصول کر رہے ہیں، تاہم عارضی طور پر ضلع جعفرآباد میں فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ اوستہ محمد پہلے ہی پولیس نفری کی کمی کا شکار ہے، جس کے باعث شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کی وارداتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسے حالات میں بڑی تعداد میں پولیس اہلکاروں کا دوسرے ضلع میں فرائض انجام دینا ہیں ضلع اوستہ محمد سے وصول کرنا اوستا محمد کی عوام کے ساتھ ظلم اور ناانصافی کے مترادف ہے۔ شہری حلقوں نے کہا ہے کہ اوستہ محمد میں پولیس نفری پوری نہ ہونے کے باعث جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ مل رہی ہے، جبکہ شہری خود کو غیر محفوظ تصور کرنے لگے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکام بالا سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ضلع جعفرآباد میں عارضی ڈیوٹی پر مامور اوستہ محمد کے پولیس ملازمان کو فوری طور پر واپس بلا کر اوستہ محمد میں تعینات کیا جائے، تاکہ پولیس نفری کی کمی پوری ہونے کے ساتھ ساتھ جرائم پر قابو پایا جا سکے اور شہریوں کو تحفظ فراہم ہو سکے آئی جی پولیس بلوچستان اس جانب فوری نوٹس لیں اور 300 نئے پولیس بھرتیوں کو یقینی بنائیں

# نال، اتائی ڈاکٹروں کی مبینہ سرگرمیاں، محکمہ صحت خاموش

## نال اور گردونواح میں غیر مستند افراد کا علاج جاری، غلط تشخیص اور غیر مناسب علاج سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا

### محکمہ صحت کی مؤثر نگرانی نہ ہونے سے غیر مستند افراد کی سرگرمیوں میں اضافے پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کیا

نال (آن لائن) نال اور گردونواح میں عطائی ڈاکٹروں کی مبینہ سرگرمیوں میں اضافہ، انسانی جانوں سے کھیلنے کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف علاقوں میں غیر مستند افراد کی جانب سے علاج معالجے کا سلسلہ جاری ہونے کے باوجود محکمہ صحت کے ذمہ داران کی جانب سے مؤثر نگرانی اور کارروائی نظر نہیں آ رہی۔ عطائی افراد کے ہاتھوں غلط تشخیص اور غیر مناسب علاج سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عوامی حلقوں نے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نال اور گردونواح میں غیر مستند افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے باقاعدہ چیکنگ کا نظام بنایا جائے تاکہ انسانی جانوں کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

# گوٹھ گلانی، 2014 میں مڈل کا درجہ ملنے کے باوجود نئے کلاس رومز تعمیر نہ ہو سکے

### مڈل اسکول میں کلاس رومز کی کمی، طلبا ٹینٹوں اور جھونپڑیوں میں تعلیم پر مجبور ہیں

## وزیراعلیٰ، وزیر تجارت اور متعلقہ حکام سے اسکول کیلئے نئے کمروں کی فوری تعمیر کا مطالبہ

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز مڈل سکول گوٹھ گلانی میں کلاس رومز کی شدید کمی طلبا اور اساتذہ کے لیے پریشانی کا باعث بن گئی ہے۔ اسکول کو سال 2014-15 میں مڈل کا درجہ دیے جانے کے باوجود تاحال طلبا کے لیے نئے کلاس رومز تعمیر نہیں کیے جا سکے، جس کے باعث بچے ٹینٹوں اور جھونپڑیوں میں بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ ذرائع کے مطابق گورنمنٹ بوائز مڈل سکول گوٹھ گلانی ایک قدیمی تعلیمی ادارہ ہے، تاہم عدم توجہی کے باعث یہ سکول متعدد مسائل کا شکار ہو چکا ہے۔ سکول کو مڈل کا درجہ ملے ایک دہائی سے زائد عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اس کے باوجود مڈل کلاسز کے طلبا کے لیے مطلوبہ کلاس رومز کی تعمیر کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا۔ سکول میں اس وقت دستیاب تین کمرے اس وقت تعمیر کیے گئے تھے جب یہ ادارہ صرف پرائمری سکول کی حیثیت رکھتا تھا۔ 2022 کے تباہ کن سیلاب کے دوران ان کمروں کی عمارت کو شدید نقصان پہنچا اور دیواروں میں دراڑیں پڑنے کے باعث یہ کمرے اب درس و تدریس کے لیے قابل استعمال نہیں رہے۔

# تین سال سے معاوضوں کی عدم ادائیگی، مقامی فنکار شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں

### تین سال سے معاوضوں کی عدم ادائیگی، مقامی فنکار شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر ظلیم صادق نے پاکستان ٹیلی وژن کوئٹہ مرکز میں مقامی زبانوں کے پروگرامز کی بندش اور گزشتہ تین سال سے مقامی فنکاروں کو معاوضوں کی عدم ادائیگی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلوچی، براہوی، پشتو اور دیگر مقامی زبانوں کے پروگرامز نہ صرف صوبے کی ثقافت، ادب اور زبانوں کے فروغ کا ذریعہ ہیں بلکہ ان پروگرامز سے وابستہ فنکاروں، ادیبوں، شعرا اور دیگر شعبہ ہائے فن کو بھی روزگار اور اظہار کا موقع ملتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مقامی فنکار اور فنونِ لطیفہ سے وابستہ افراد بھی میڈیا کا ایک اہم شعبہ ہیں، جنہوں نے دہائیوں سے اپنی صلاحیتوں کے ذریعے بلوچستان کی تہذیب، ثقافت، زبانوں اور مثبت تشخص کو اجاگر کیا ہے۔ ایسے فنکاروں کو طویل عرصے تک ان کے معاوضوں سے محروم رکھنا انتہائی تشویشناک امر ہے۔ تین سال سے معاوضوں کی عدم ادائیگی نے مقامی فنکاروں کو شدید مالی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے، جس پر خاموش نہیں رہا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیلی وژن کوئٹہ مرکز بلوچستان کے عوام، مقامی زبانوں اور ثقافت کی نمائندگی کا اہم ادارہ ہے، اس لیے مقامی زبانوں کے پروگرامز کو بند کرنے کے بجائے ان کے دائرہ کار کو مزید وسیع کیا جانا چاہیے۔

# سمال انڈسٹریز کے ملازمین کے مسائل حل نہ ہونے پر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا اظہارِ تشویش

### انضمام کے بعد بلز کی ادائیگی، تنخواہوں کی ایکٹیویشن اور طبی الاؤنسز کے معاملات تعطل کا شکار

## آپریشنل اور ایڈمنسٹریٹیو کنٹرول کی واضح حدود مقرر کی جائیں، حکومت فوری نوٹس لے، جوائنٹ ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ سمال انڈسٹریز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس چیئرمین خالد یوسف کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں نائب چیئرمین امان اللہ اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ اجلاس میں محکمہ سمال انڈسٹریز کے ملازمین کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں انکشاف کیا گیا کہ بی ٹیوٹا (TEVT-AB) کے ساتھ حالیہ انضمام کے بعد اکاؤنٹنٹ جنرل آفس کی جانب سے سمال انڈسٹریز کے بلز کی ادائیگی کو روکا جا رہا ہے۔ متعلقہ حکام ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈال کر معاملے کو ٹال رہے ہیں جس کے باعث ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ شرکا نے بتایا کہ انضمام کے نتیجے میں پیدا ہونے والی انتظامی بے یقینی کے باعث ملازمین کی تنخواہوں کی ایکٹیویشن، سروس میں تبدیلیوں (چینجز) اور طبی الاؤنس کی ادائیگی جیسے بنیادی معاملات تعطل کا شکار ہیں۔ مزید کہا کہ محکموں کے درمیان ذمہ داری کی اس کشمکش کا خمیازہ بے قصور ملازمین کو بھگتنا پڑ رہا ہے، جو کسی طور قابل قبول نہیں۔ اجلاس میں یہ نکتہ خاص طور پر اجاگر کیا گیا کہ انضمام کے نوٹیفیکیشن اور بی ٹیوٹا ایکٹ 2026 میں تاحال یہ واضح نہیں کیا گیا کہ آپریشنل کنٹرول اور ایڈمنسٹریٹیو کنٹرول کی حدود کیا ہیں، یعنی کون سے امور آپریشنل دائرہ کار میں آتے ہیں اور کون سے انتظامی دائرہ کار میں اسی ابہام کے باعث اکاؤنٹنٹ جنرل آفس بلز اور ملازمین کے معاملات پر عمل کرنے سے گریزاں ہیں، اور یہ مبہم صورتحال بحران کو جنم دے رہا ہے۔

# Inhumane business

The sale of spurious drugs, unhygienic food, even sale of meat of such animals which are strongly forbidden in Islam continues across the country without any proper check. There are elements who do not feel any guilt in committing adulteration in milk, soft drinks and other food items which we consume on a daily basis. Reportedly, the people of Quetta city and other parts of the province are consuming milk adulterated with chemicals and contaminated water causing various diseases among the people particularly in children. Some people associated with the milk business have invented new methods to increase the quantity and thickness of milk.

Regrettably, nowadays maximum milk selling shops selling milk without any test for the quality and the administration can not bother to check the quality of the milk despite the fact that in past authorities concerned had confiscated hundreds of liters of adulterated milk and got them disposed off which were contaminated with urea, Pharmaline and other powders smuggled from border.

The number of milk shops is increasing fast in the provincial capital with high prices, as it has become a lucrative business. People are purchasing fatal diseases with their own hands as they are left with no other choice but to buy milk being sold nearby shops. Likewise, packed milk being sold in markets, are also adulterated with chemicals and are also quite risky for human health to be consumed.

The unhygienic milk leads to some diseases including cancer and Hepatitis-C in humans. Ironically there isn't a single laboratory in the province that had the capability to gauge contamination of chemicals in milk and water. Reportedly, the milk coming from outside Quetta particularly from other provinces is adulterated with urea and Pharmaline. Both chemicals can damage the liver and kidneys. The chemicals are used to preserve the milk for a long period of time and maintain its quality. It is essential that the administration and Balochistan Food Authority ought to continue crackdown against the sale of adulterated milk in the provincial capital and other parts of the province.

There should be a regular check on the quality of milk and the adulterers should be given exemplary punishment for playing with the lives of innocent people. At the same time, the religious scholars and other active members of civil society who have a say in society must also play a role in creating awareness among the masses about such ill-business and curb this malevolent business and play an active role in sensitizing masses about this business.